## سوال

(63) کیا عورت کو زیرِناف صفائی کے لیے لوہے کی چیز (اُسترا وغیرہ) استعمال کر سکتی ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کو زیرِناف صفائی کے لیے لوہے کی چیز (اُسترا وغیرہ) استعمال کرنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زیرِناف بالوں کی صفائی کے لیے لوہے کی چیز اُسترے وغیرہ کا استعمال کر سکتی ہے بلکہ اصل یہی ہے۔ حدیث میں ہے :

'وَتَسۡتَحِدَّ الۡمَغِیۡبَۃُ۔ ' صحیح البخاری، بَابُ تَسۡتَحِدُّ الۡمُغِیۡبَۃُ وَتَمۡتَشِطُ الشَّعِثَۃُ، رقم :۵۲۴۷

مصنوعی اشیاء پوڈر کا استعمال بسا اوقات نقصان کا سبب بن جاتا ہے، مگر اس کے جواز میں شک نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ :119

محدث فتویٰ